Llywodraeth Cymru
Welsh Government

ADDYSG CYMRU
EDUCATION WALES
cenhadaeth ein cenedl | our national mission



# ویلز کے نئے نصاب کی گائیڈ

یہ گائیڈ hwb.gov.wales پر 18 زبانوں میں بھی دستیاب ہے۔



# تعلیم بدل رہی ہے

**دنیا لگاتار بدل رہی ہے اور ہمیں نئے افکار اور ٹیکنالوجی کے اختراعی استعمال کی ضرورت ہے۔**

ان چیلنجز سے نمٹنے کے لیے، ویلش حکومت یہ یقینی بنانا چاہتی ہے کہ آپ کے بچے کے پاس وہ علم، ہنر اور تجربات موجود ہوں جو انہیں زندگی کا زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کے لیے درکار ہیں۔

آپ کے بچے کے اسکول میں، **اساتذہ کے ذریعہ نصاب تیار کیا جا رہا ہے**۔ وہ اس رہنمائی کو بروئے کار لا رہے ہیں جو دوسرے اساتذہ نے ان چیزوں کی منصوبہ بندی میں ان کی مدد کے لیے لکھی ہے جو بچے پڑھتے ہیں۔

نصاب کو **تمام بچوں کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے**۔ اس میں آپ کے بچے کو حقیقی زندگی کا معنی رکھنے والے تخلیقی اسباق سے مدد ملے گا۔ یہ ان کی ضروریات کے لیے موزوں ہوگا اور اس سے انہیں اپنی پوری صلاحیت حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔

دنیا آج کل زیادہ جڑی ہوئی ہے، اس لیے جو کچھ وہ سیکھتے ہیں وہ بھی زیادہ مربوط ہوچکا ہے۔ علم واقعی اہم ہے، اور انہیں وہ مہارتیں اور تجربات بھی مہیا کیے جائیں گے جو **انہیں تیزی سے بدلتی ہوئی** دنیا کے لیے درکار ہیں۔

آپ کا اسکول آپ کے بچے کو مندرجہ ذیل امتیازات کا حامل بننے میں مدد کر رہا ہے:

- پرعزم، باصلاحیت متعلم، جو پوری زندگی سیکھنے کے لیے تیار ہو
- کاروباری، اختراعی معاون، جو زندگی اور ملازمت میں بھرپور کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہو
- اخلاق مند، باخبر شہری، جو ویلز اور دنیا بھر میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہو، اور
- صحت مند، پراعتماد شخص، جو معاشرے کے قابل قدر رکن کے طور پر بھرپور زندگی گزارنے کے لیے تیار ہو۔

ان کو نصاب کے 'چار مقاصد' کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔



# پڑھائی اور تجربے کے شعبہ جات

خواندگی، ریاضی اور ڈیجیٹل مہارتوں کے ساتھ، پڑھائی **اور تجربے کے چھ شعبہ جات ہیں۔** آپ کا بچہ جو کچھ بھی سیکھے گا وہ ان شعبہ جات سے وابستہ ہو گا۔




**نصاب میں یہ بھی شامل ہے:**

- انسانی حقوق
- تنوع پسندی اور اختلافات کا احترام
- کریئر اور کام کی جگہ کے تجربات اور مہارتیں
- مقامی، قومی اور بین الاقوامی تناظرات کے بارے میں جاننا
- ترقی کے لحاظ سے مناسب تعلقات اور جنسی تعلیم۔

# پڑھائی اور تجربے کے شعبہ جات



**اظہاری فنون** کے شعبے میں، آپ کا بچہ اپنی تخلیقی، فنکارانہ اور کارکردگی کی مہارتوں کو فروغ دینے کے لیے فن، رقص، ڈرامہ، فلم اور ڈیجیٹل میڈیا اور موسیقی کو دریافت کرے گا۔



**علوم انسانی کے** شعبے میں، وہ دنیا، معاشرے اور ماضی وحال کے واقعات کے بارے میں جانیں گے۔ وہ ان چیلنجز اور مواقع کی دریافت کریں گے جو ہمیں درپیش ہیں، اور ہم مستقبل میں دنیا اور اس میں آباد لوگوں کے تحفظ کے لیے کون سے اخلاقی اقدام کر سکتے ہیں۔




**ریاضی اور شماریات کے شعبے میں**، آپ کے بچے اعداد کے بارے میں اپنی فہم پیدا کریں گے اور ریاضی میں علامتیں استعمال کریں گے۔ وہ اشکال اور پیمائش کو دریافت کریں گے اور اعداد و شمار اور امکانیات کے بارے میں جانیں گے۔




**صحت اور تندرستی کا شعبہ ان کی** جسمانی اور ذہنی صحت کی نگہداشت سے متعلق ہے جس میں جذباتی بہبود بھی شامل ہے۔ وہ صحت بخش غذاء اور آن لائن و آف لائن دونوں طرح محفوظ رہنے کے طریقے، اثرات سے نمٹنے اور صحت مند تعلقات استوار کرنے کے بارے میں جانیں گے۔



**زبان دانی، خواندگی اور ابلاغ شعبے میں**، آپ کے بچے مختلف زبانوں کے بارے میں جانیں گا۔ وہ ویلش، انگریزی اور پرائمری اسکول کی سطح سے کم از کم ایک دوسری زبان کو سمجھیں گے اور استعمال کریں گے۔ وہ اپنی ابلاغی صلاحیتوں کو فروغ دینے کے ساتھ ادب کے بارے میں جانیں گے جس میں اپنی خود کی کہانیاں تخلیق کرنا، شاعری اور کارکردگیاں شامل ہو سکتی ہیں۔



**سائنس اور ٹیکنالوجی** کے شعبے میں آپ کے بچے حیاتیات، کیمیاء، طبیعیات اور کمپیوٹر سائنس کے بارے میں جانیں گے۔ وہ ڈیزائن اور انجینئرنگ، جاندار چیزوں، مادہ، قوت اور توانائی کے بارے میں اور کمپیوٹر کے کام کرنے کے طریقے کے بارے میں پڑھیں گے۔



# کس چیز سے فرق پڑتا ہے

آپ کے بچے کی تعلیم ان چیزوں پر مرکوز ہونی چاہیے جو ان کے لیے ابھی اور ان کے بڑے ہوجانے پر اہم ہوتی ہیں۔

پڑھائی اور تجربے کا ہر شعبہ **ان اہم باتوں کے بیان پر مشتمل ہے جو** ان سے سروکار رکھتی ہیں جن سے ہر عمر کے بچوں کی پڑھائی تشکیل پاتی ہے۔ ان سے آپ کے بچے کو اس چیزوں کے بارے میں سوچنے میں مدد ملتی ہے کہ وہ کیا پڑھ رہے ہیں اور موضوعات ایک دوسرے سے، کام سے اور زیادہ عام طور پر زندگی سے کیسے وابستہ ہوتے ہیں۔ ان سے آپ کے بچے کو ہر سال پیش رفت کرنے میں مدد ملتی ہے جب وہ اپنی فہم اور مہارتوں کو بڑھاتے ہیں۔

آپ کے بچے کے لیے زندگی کے اہم ہنر سیکھنے کے مزید مواقع موجود ہیں جن سے انہیں درج کام کرنے میں مدد ملے گی:

- اپنے ارد گرد کی دنیا کو پہچانیں
- سوالات پوچھیں، شواہد پر غور کریں، فیصلے کریں اور مسائل حل کریں
- دریافت کریں، ابلاغ کریں، منصوبے بنائیں اور حل تلاش کریں
- لچک پیدا کریں اور اپنی فلاح و بہبود کا نظم کریں
- دوسروں کے ساتھ کام کریں اور
- اپنے مستقبل کے کریئر کے بارے میں پڑھائی، ملازمت اور انٹرپرینیورشپ میں بامعنی تجربات کی بنیاد پر فیصلے کریں۔

### یہ کیسے کام کرتا ہے اس کی ایک مثال

پڑھائی اور تجربے کے سائنس و ٹیکنالوجی کے شعبے میں، اہم باتوں کے بیانات میں سے ایک بیان یہ ہے:

***'ہمارے ارد گرد کی دنیا ایسی جاندار چیزوں سے بھری ہوئی ہے جو اپنی بقا کے لیے ایک دوسرے پر منحصر ہیں۔'***

جب آپ کا بچہ یہ پڑھے گا، تو وہ اس کے بارے میں مختلف طریقوں سے سوچے گا، مثلاً:

- مجھے معلوم ہے کہ کچھ جانور خطرے کی زد میں ہیں۔
- میں سمجھتا ہوں کہ میں جو کچھ بھی کرتا ہوں اس کا اثر ماحول، لوگوں اور جانوروں پر پڑتا ہے۔
- میں ماحولیات، انسانوں اور جانوروں پر موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کو کم کرنے کے طریقوں کی نشاندہی کر سکتا ہوں۔

# اس طریقے سے پڑھنا جو آپ کے بچے کے لیے کارآمد ہو

نصاب تعلیم کو اس طرح ڈیزائن کیا گیا ہے کہ اس سے آپ کے بچے کو علم، ہنر اور تجربات کو فروغ دینے میں مدد ملتی ہے۔ وہ اس طرح آگے بڑھیں گے کہ:

- وہ مزید معلومات پڑھیں
- چیزوں کے بارے میں ان کی فہم مزید گہری ہوجائے
- ان کی ابلاغ کی مہارتوں میں اضافہ ہو اور
- ان کی مہارتیں بہتر ہوں۔

ایسے حالات ہوسکتے ہیں جب وہ:

- تیزی سے آگے بڑھیں یا
- سست ہوجائیں یہ یقینی بنانے کے لیے کہ انہیں کسی موضوع کی سمجھ حاصل ہو یا اس لیے کہ وہ کوئی ایسی چیز دریافت کریں ہیں جس میں ان کی دلچسپی ہو۔

پڑھائی کا ہمیشہ ان کی عمر سے تعلق نہیں ہوتا ہے۔ یہ ایک ہی طریقے سے، یا سب کے لیے ایک ہی وقت میں نہیں ہوگی۔

# تجزیہ

تجزیہ آپ کے بچے کی روزانہ تعلیم کا حصہ ہوگا۔

وہ اپنے اساتذہ کے ساتھ مل کر یہ سمجھنے کے لیے کام کریں گے کہ وہ کتنی اچھی پڑھائی کر رہے ہیں۔ انہیں درج ذیل کام کرنے میں مدد کے لیے یہ اہم ہے:

- یہ دیکھیں کہ وہ اپنی پڑھائی میں کس سطح پر ہیں
- اپنی پڑھائی کے اگلے مراحل کی منصوبہ بندی کریں
- کسی بھی طرح کے مسئلے یا اضافی مدد کی ضرورت کی نشاندہی کریں



اور اس سے درج ذیل کام کرنے میں ان کے استاد کو مدد ملتی ہے:

- طلبہ کو چیلنج کرنے کے طریقے تلاش کریں اور
- یہ دیکھیں کہ طلبہ وطالبات کتنی اچھی طرح پڑھائی کر رہے ہیں۔



**یہ یقینی بنانے کے لیے اسکول بھی آپ کے ساتھ کام کرے گا کہ آپ کے بچے کو آگے بڑھنے کے لیے درکار مدد حاصل ہو۔**


# مستقبل کے لیے اہلیت یافتہ

آپ کا بچہ 16-14 سال کی عمر کے درمیان جن اہلیتوں کا مطالعہ کرتا ہے جو نئے نصاب کے ساتھ فٹ ہوں گی۔

مستقبل میں، ہمارے پاس ابھی موجود اہلیتوں کے ساتھ، دیگر مضامین بھی ہوسکتے ہیں۔

تجزیہ کی مختلف اقسام بھی ہوں گی، مثال کے طور پر، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔





اپنے اسکول کا نصاب تیار کرنے میں مدد کرنے کے واسطے آپ، آپ کے بچے اور کمیونٹی کے لیے مواقع موجود ہیں۔

اسکول اور گھر دونوں جگہ مل کر کام کرکے ہر شخص آپ کے بچے کو بہتر تعلیم حاصل کرنے اور مستقبل کے لیے تیار کرنے میں مدد کرے گا۔

**نئے نصاب کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، اپنے بچے کے اساتذہ سے پوچھیں۔**

بچوں، نوجوانوں اور خاندانوں کے لیے برطانوی علامتی زبان (بی ایس ایل) کی ایک ویڈیو ویلز کے نصاب تعلیم اور **بی ایس ایل کے** بارے میں ایجوکیشن ویلز کے یوٹیوب چینل پر دستیاب ہے۔

**آپ مندرجہ ذیل سے بھی مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں**

@WG_Education
@edubeginsathome

@EducationWales
@beginsathome